اس میں بڑا ثواب ہے

محترمہ بنت زہراء نقوی ندیؔ الہندی صاحبہ

حمد خدا کیا کرو اس میں بڑا ثواب ہے
نعت نبیؐ پڑھا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

الفت آل فاطمہؑ اجرِ رسولؐ پاک ہے
اجر نبیؐ ادا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

سب سے بڑے رسول ہیں سب سے بڑے امام ہیں
ان کی بہت ثنا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

اپنے ہی واسطے دعا کرنے میں کیا بھلائی ہے
سب کے لئے دعا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

سچے بنو یہی تو ہے الفت صادقؑ نبیؐ
جھوٹ سے بس بچا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

جھوٹوں سے منہ کو موڑ لو سچوں کے ساتھ چل پڑو
سچ ہے کدھر پتا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

ملّا ہے حق بیانی سے آج ندیؔ جو منحرف
اس کے لئے دعا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

مدح صادقؑ

ندیؔ الہندی صاحبہ معلمۂ جامعۃ الزہراء، لکھنؤ

پھر ہو رہی ہے صادقؑ آل نبیؐ کی بات
عالم میں عام ہوگئی ہے روشنی کی بات

آل نبیؐ کی بات میں ہے زندگی کی بات
اور اُن کو بھول جاؤ تو ہے موت ہی کی بات

یہ ہے خودی کی بات کہ مدح امام کر
غیروں کا تذکرہ ہے فقط بے خودی کی بات

میں ہوں اسیر الفت اولاد مصطفی
آزادی جس کو کہتے ہو وہ ہے کبھی کی بات

مسئول اب سوال پہ ناراض ہوتے ہیں
ڈرتے ہیں بڑھ نہ جائے کہیں آگہی کی بات

مولائے کائنات ہیں وہ، اتنا ہے سبب
چھائی ہے کُل زمانے پہ مولا علیؑ کی بات

باقرؑ کے گھر سے لپٹی ہیں روشن ضمیریاں
جس کو بھی دیکھو کرتا ہے تقدیر ہی کی بات

جعفرؑ نے لو علوم کے دریا بہا دیئے
سچ میں اسی کو کہتے ہیں دریا دلی کی بات

بیمار عشق آل نبیؐ بن کے مر ندیؔ
اس میں چھپی ہوئی ہے تری زندگی کی بات